بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم
باذن اللّٰہ تعالی
السلام علیکم و رحمۃ اللّٰہ و برکاتہ

Points from Ustaza
Dr. Farhat Hashmi's Lecture

📘Mera Jina Mera Marna

🎐Lesson # 58(A)

💠 Topic :Khudkushi

💠🎐💠🎐💠🎐💠🎐💠

💠 *عزت کا قتل:*

🎐ایک ہوتا ہے جسم کا قتل جبکہ قتل کی ایک دوسری قسم بھی ہے، اور وہ ہے عزت کا قتل.

🎐عزت کے قتل سے مراد ہے کسی کی بے عزتی کرنا، چاہے سامنے یا پیٹھ پیچھے، لعن طعن کرنا، گالم گلوچ کرنا، فقرے کسنا، منفی رویہ اختیار کرنا، حقیر سمجھنا، عزتِ نفس مجروح کرنا، حوصلہ شکنی کرنا، اپنے زیر دستوں کو بلا وجہ ڈانٹنا اور ذہنی ٹارچر کرنا.

🎐عزت کا قتل بھی ایک بہت بڑا گناہ ہے. اسلام ہمیں کسی کی عزت سے کھیلنے کی اجازت نہیں دیتا.

💠 *خود کشی:*

🎐خود کو قتل کرنا دراصل اللّٰہ تعالٰی کی دی ہوئی نعمت کی ناقدری ہے.

🎐ہماری زندگی ہمارے پاس اللّٰہ تعالٰی کی عطا کردہ امانت ہے.

🎐ہم اس زندگی کے مالک نہیں، صرف امین ہیں.

🎐ہمیں اس زندگی کو اللّٰہ تعالٰی کے احکامات کے مطابق گزارنا چاہیے.

🎐یہ زندگی عمل کا ایک موقع ہے تاکہ ہم اس میں اللّٰہ کی رضا کے کام کر کے اس کے انعام اور اس کی رحمت یعنی جنت کو پا سکیں.

🎐تکالیف، مصائب، محرومیوں، ناکامیوں اور بیماریوں سے تنگ آ کر زندگی ہی ختم کر لینا دراصل دنیا کے ساتھ ساتھ آخرت کی خیر سے بھی خود کو محروم کر لینا ہے.

🎐مفہومِ حدیث: جو شخص اپنے آپ کو کسی بھی چیز سے مارے گا یا ذبح کرے گا، اللّٰہ تعالٰی اس کو جہنم کی آگ میں اسی چیز سے مارے گا یا ذبح کرے گا.

🎐نبی اکرم صلی اللّٰہ علیہ و سلم نے خود کشی کرنے والوں کی نمازِ جنازہ پڑھانے سے انکار کر دیا تھا کیونکہ یہ حرام فعل ہے اور گناہِ کبیرہ ہے.

🎐 اہلِ علم کا اس بات پر اتفاق ہے کہ امامِ وقت اور نیک لوگ خود کشی کرنے والے کی نمازِ جنازہ میں شریک نہ ہوں تاکہ دوسروں کو عبرت حاصل ہو. ہاں، عام مسلمان اس کی نمازِ جنازہ پڑھ کر دفنا سکتے ہیں.

🎐 اللّٰہ کی راہ میں اپنی جان دینا خود کشی نہیں، بلکہ شہادت ہے.

🎐 ایسا مریض جس کا علاج مشکل ہو، تو مریض کی درخواست پر اس کو قتل کر دینا جائز نہیں ہے.

🎐 زندگی سے مایوس ہو کر اپنا علاج نہ کرانا بھی جائز نہیں ہے.

🎐 بیماری انسان کے گناہوں سے معافی کا ذریعہ ہے.

🎐 اسلام نے خودکشی کی تمام قسموں کو حرام قرار دیا ہے اور اس پر سخت وعید ہے.

💠🎐💠🎐💠🎐💠🎐💠

💠 Izzat Ka Qatl:**

🎐 Ek hota hai jism ka qatl jb k qatl ki ek dusri qism b hai, or wo hai izzat ka qatl.

🎐 Izzat k qatl sy murad hai kisi ki bay izzati krna, chahy samny ya peeth peechy, la'n ta'n krna, galam gloch krna, fiqry ksna, mnfi rawayya ikhtyar krna, hqeer smjna, izzat e nafs majrooh krna, hosla shikni krna, apny zer daston ko bila wja dantna or zehni torture krna.

🎐 Izzat ka qatl b ek bohat brha gunah hai. Islam hmen kisi ki izzat sy khelny ki ijazat nhi deta.

💠 *Khudkushi:*

🎐 Khud ko qatl krna dr'asal Allah Ta'ala ki di hue nemat ki naaqadri hai.

🎐 Hmari zindagi hmary pas Allah Ta'ala ki ata krda amaanat hai.

🎐 Hm is zindagi k malik nhi, sirf ameen hain.

🎐 Hmen is zindagi ko Allah Ta'ala k ehkamaat k mutabiq guzarna chahiye.

🎐 Ye zindagi amal ka ek moqa hai ta k hm is men Allah ki rza k kam kr k us k inam or us ki rehmat yani jannat ko pa sken.

🎐 Tkaaleef, msaa'ib, mehrumiyon, nakamiyon or bimariyon sy tng aa kr zindagi hi khatm kr lena dr'asal dunya k sath sath aakhirat ki khair sy b khud ko mehroom kr lena hai.

🎐 Mafhoom e Hadees: Jo shakhs apny ap ko kisi b cheez sy mary ga ya zibah kry ga, Allah Ta'ala us ko Jahannam ki aag men usi cheez sy mary ga ya zibah kry ga.

Nabi Akram SAWW ny khudkushi krny walon ki nmaz e jnaza prhany sy inkar kr diya tha q k ye hram feyl hai or gunah e kbeera hai.

Ahl e Ilm ka is baat pr ittifaq hai k imam e waqt or neyk log khudkushi krny waly ki nmaz e jnaza men shreek na hon ta k dusron ko ibrat hasil ho. Han, aam musalman us ki nmaz e jnaza parh kr dfna skty hain.

Allah ki rah men apni jan dena khudkushi nhi, blky shahadat hai.

Aisa mreez jis ka ilaj mushkil ho, to mreez ki drkhast pr us ko qatl kr dena jaaiz nhi hai.

Bimari insan k gunahon sy muaafi ka zriya hai.

. Islam ny khudkushi ki tmam qismon ko haram qrar diya hai or is pr sakht waeed hai